سوال

(594) صحیح بخاری کی اَحادیث کی تعداد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صحیح بخاری شریف میں مکرر اور غیر مکرر احادیث کی تعداد کیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

بخاری کی احادیث کی تعداد مختلف اہل علم نے مختلف بیان کی ہے، امام ابن الصلاح کے مطابق صحیح بخاری میں احادیث کی کُل تعداد 9086 ہے۔ یہ تعداد ان احادیث کو شامل کر کے ہے جو ایک سے زیادہ مرتبہ (مکرر) وارد ہوئی ہیں۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اگر ایک سے زیادہ تعداد میں (مکرر) احادیث کو نکال دیا جائے تو غیر مکرر احادیث کی تعداد 2761 رہ جاتی ہے۔

(http://ur.wikipedia.org/wiki/%D8%B5%D8%AD%DB%8C%D8%AD_%D8%A8%D8%AE%D8%A7%D8%B1%DB%8C)

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1